نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

10نومبر 2010ء

برائے فوری اجراء

641/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاکستانی، امریکی اور عالمی ادارہ خوراک کا سیلاب کی امدادی سرگرمیوں کے اختتام کا اعلان

اسلام آباد (10 نومبر 2010ء) ___ چیئرمین پاکستان نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد، پاکستان میں امریکہ کے دفاعی نمائندے وائس ایڈمرل لی فیور، پاک فوج کے سولہویں ڈویژن کے کمانڈر میجر جنرل نصراللہ طاہر ڈوگر اور خوراک کے عالمی ادارے کے شعبہ ہوابازی کے سربراہ فلپ مارٹو نے آج پنوں عاقل میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران انسانی بنیاد پر فضائی امدادی کارروائیوں میں مصروف پاک فوج کے سولہویں ڈویژن، 26ویں اور 15ویں امریکی میرین ایکسپیڈشنری یونٹوں اور عالمی ادارۂ خوراک کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اُنھیں خدا حافظ کہا۔ اس ٹیم نے تین ستمبر سے امریکی میرین کے ہیلی کاپٹروں کے ذریعے جنوبی پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں اشد ضرورت کی امدادی اشیاء پہنچائیں۔

سیلاب کا پانی اُترنے اور سڑکوں کے ذریعے نقل وحمل کے دوبارہ شروع ہونے پر حکومتِ پاکستان نے امریکی میرین کور کو بتایا کہ اُس کا مشن مکمل ہوگیا ہے۔ تین نومبر کو اُن کی آخری امدادی پرواز تھی۔

لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد نے انسانی بنیاد پر فوری فضائی امدادی کارروائیوں کی بحالی اور تعمیرِ نو کے منصوبوں کی جانب منتقلی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ابھی کام ختم نہیں ہوا لیکن اس کا اولین حصہ اختتام پذیر ہو رہا ہے۔

وائس ایڈمرل لی فیور نے کہا کہ ہم یہاں پنوں عاقل میں امریکی میرین کور کے قیام کی 235ویں سالگرہ کے موقع پر سب سے پہلے حرکت میں آنے والے انتھک افراد کی مشترکہ ٹیم کی جانب سے بہترین انداز میں پایۂ تکمیل کو پہنچنے والے مشن کا اختتام کر رہے ہیں۔

اُنھوں نے مزید کہا کہ اِس غیر معمولی ٹیم نے صوبہ سندھ کے لگ بھگ ڈیڑھ سو مقامات پر چالیس لاکھ پاؤنڈز (تقریباً اٹھارہ لاکھ کلوگرام) وزنی امدادی اشیاء پہنچانے کیلئے شبانہ روز کام کیا۔

سیلاب سے متاثرہ پاکستانیوں کے اظہارِ تشکر کا ذکر کرتے ہوئے میجر جنرل نصراللہ نے کہا کہ اس آپریشن نے اُن لوگوں کیلئے زندگی اور موت میں فرق واضح کیا جو مکمل طور پر پانی میں گھرے ہوئے تھے اور کسی بھی ذریعے سے اُن تک نہیں پہنچا جا سکتا تھا۔

اگرچہ جنوبی پاکستان میں امریکی ہیلی کاپٹروں کی کارروائیاں اختتام پذیر ہوگئی ہیں، لیکن امریکہ پاکستان کی درخواست پر غازی ایئربیس سے ہیلی کاپٹروں کے ذریعے معاونت جاری رکھے گا۔

###

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
رمنا-5، اسلام آباد
فون: 2082000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50 ایمپریس روڈ
فون: 6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ
فون: 5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ
فون: 5268800